© rasailojaraid.com



# خبرنامہ

ادارہ

## جدید جامعات میں مولانا حمید الدین فراہیؒ پر دو مزید پی۔ ایچ۔ ڈی کی تکمیل

ماہر علوم قرآنی و صاحب تفسیر ''نظام القرآن و تاویل الفرقان بالفرقان'' مولانا حمید الدین فراہیؒ (۱۸۶۳-۱۹۳۰ء) کی دینی و علمی خدمات پر مطالعہ و تحقیق کا سلسلہ بہت پہلے سے جاری ہے۔ جدید جامعات یا یونیورسٹیز میں خاص طور سے ان کی قرآنی خدمات پر متعدد پی۔ ایچ۔ ڈی سند تفویض کی جا چکی ہیں۔ اب تک کی اطلاع کے مطابق بیرونِ ملک مولانا فراہی پر اولین پی۔ ایچ۔ ڈی ڈاکٹر سید سعید احسن عابدی کو کلیۃ اصول الدین، جامعہ ازہر، قاہرہ سے ستر کی دہائی میں ایوارڈ ہوئی تھی۔ ان کے تحقیقی مقالہ کا عنوان تھا: ''حمید الدین الفراھی۔ حیاتہ و منھجہ فی تفسیر القرآن واثر ذالک فی الھند''۔ اس ضمن میں اہم بات یہ کہ یورپ کی جامعات میں بھی مولانا فراہی پر پی۔ ایچ۔ ڈی ہونے لگی ہے۔ حال میں یونیورسٹی آف ویلز لیمپیٹر (برطانیہ) (University of Wales Lampeter, U.K.) اور یونیورسٹی آف ایڈن برگ (برطانیہ) (University of Edinburgh, U.K.) سے ان پر دو پی۔ ایچ۔ ڈی ایوارڈ ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ دونوں محققین کے نام اور ان کے تحقیقی مقالات کے عناوین بالترتیب یہ ہیں:

Dr. Shehzad Saleem, *Collection of Quran: A Critical and Historical Study of Al-Farahi's View*

Dr. Farhad Shafti, *A Comparative Analysis of the Farahi*

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


School of Thought- A Case Study Approch

ڈاکٹر شہزاد سلیم کی پی-ایچ-ڈی تھیسس (تحقیقی مقالہ) ۳۹۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ تعارفی باب (Introduction) کے علاوہ اس کے مباحث سات ابواب میں منقسم ہیں جن کے عناوین اس طور پر ہیں:

(1)Al- Farahi's View: Presentation and Analysis. (2)Narrative on the Collection of the Quran by Abu Bakr. (3)Narrative on the Collection of the Quran by Uthman. (4) Narrative on the Collection of the Quran by Ali. (5)The *Masahif* of Ubayy ibn Ka'b and Abdullah ibn Masud. (6)Narratives on Abdullah ibn Masud's rejection of the *Muawwidhatayn*. (7) A Narrative on the Placement of *Surah al-Anfal*and *Surah al- Tawbah* .

تھیسس کے آخر میں پانچ تعلیقات (Appendices) بھی ہیں جن کے تحت قرآنیات کے چند جدید اسکالرس کے تعارف کے علاوہ زیر بحث موضوع پر کچھ مغربی اسکالرس کے افکار کا جائزہ لیا گیا ہے، حدیث کے نقد و جرح سے متعلق مصطلحات کی تشریح کی گئی ہے اور ماقبل اسلام عرب میں تحریر کے اسباب و آلات سے بھی بحث کی گئی ہے۔ آخری تعلیقہ میں جمع و تدوینِ قرآن سے متعلق مشہور احادیث کے سلسلۂ روایت کا جدول پیش کیا گیا ہے۔

ڈاکٹر فرہاد شفتی کا پی-ایچ-ڈی مقالہ ۳۳۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس کے مباحث چھ ابواب میں منقسم ہیں۔ ابواب کے عناوین اس طور پر مندرج ہیں:

(1) Introduction and Reserch Methodology. (2) The Case Study of Stoning. (3) The Case Study of Apostasy. (4)The Case Study of *Hijab*. (5) The case Study of the Return of

© rasailojaraid.com